نیا گھر



ہرن نے اپنے دوست بکرے سے کہا: ''آؤ ایک گھر بنائیں۔''

بکرا بولا: ''بہت اچھا، میں تیّار ہوں۔''

ہرن نے کہا: ''میں زمین کھودوں گا اور تم لکڑیاں لاؤ۔''

دونوں چلے۔ ایک ہرے بھرے پہاڑ کے پاس گھر کی جگہ پسند کی۔ یہ جگہ بہت خوب صورت تھی۔ دونوں خوش ہوئے اور گھر بنانے لگے۔

پاس ہی ایک بطخ رہا کرتی تھی۔ اُن کے پاس گئی اور بولی: ''مجھے اپنا ساتھی بنالو۔ اکیلے جی نہیں لگتا۔''

ہرن اور بکرے نے بطخ سے پوچھا: ''بہن تم کیا کروگی؟''

''گھر کی چھت کے لیے گھاس چُن کر لاؤں گی۔''

ہرن اور بکرے نے کہا: ''اچھا آؤ مل کر گھر بنائیں۔''

ہرن، بکرا اور بطخ گھر بنانے لگے۔ ایک خرگوش جھاڑیوں میں سے اُچھلتا کُودتا نکلا اور بولا :

© NCERT not to be republished

''دوستو! سلام، مجھے بھی اپنا ساتھی بنالو۔''

سب نے مل کر خرگوش سے پوچھا: ''بھئی تم ہماری کیا مدد کروگے؟''

خرگوش نے جواب دیا: ''اپنے نکیلے دانتوں سے لکڑی کاٹوں گا۔''

سب جانور گھر بنانے لگے۔ اتنے میں کہیں سے ایک مُرغ آنکلا اور پوچھنے لگا: ''دوستو! کیا کر رہے ہو؟''

سب نے ایک ساتھ جواب دیا: ''گھر بنا رہے ہیں۔''

مُرغ بولا: ''بھائیو! مجھے بھی ساتھی بنالو۔''

سب جانوروں نے مُرغ سے پوچھا: ''تم کیا کروگے؟''

مُرغ نے کہا: ''تمھارا چوکی دار بنوں گا اور تمھیں صبح سویرے اُٹھایا کروں گا۔''

سب جانوروں نے مل کر گھر بنایا۔ مُرغ چوکی دار بنا۔ سب ساتھی نئے گھر میں خوش خوش رہنے لگے میاں مُرغ روزانہ صبح سویرے اُٹھ کر یہ گیت گاتے:

نیند سے جاگو، نیند سے جاگو ککڑوں کوں بھئی ککڑوں کوں
کام کو جاؤ، کام کو جاؤ ککڑوں کوں بھئی ککڑوں کوں



not to be republished © NCERT

مشق

1. سوچیے اور بتایئے:

1. ہرن نے بکرے سے کیا کہا؟
2. ہرن اور بکرے نے گھر کے لیے کیسی جگہ پسند کی؟
3. گھر بنانے کے لیے خرگوش نے کیا ذمّے داری لی؟
4. بطخ گھر بنانے کے لیے کیوں تیار ہوئی؟
5. میاں مرغ صبح سویرے کون سا گیت گاتے؟

2. نیچے دی ہوئی خالی جگہوں کو صحیح لفظ سے بھریے:

1. ایک ہرے.................پہاڑ کے پاس گھر کی جگہ پسند کی۔ (ہرے / بھرے)
2. پاس ہی ایک.....................رہا کرتی تھی۔ (بکری / بطخ)
3. اپنے نکیلے دانتوں سے...............کاٹوں گا۔ (مٹّی / لکڑی)
4. سب جانور.....................بنانے لگے۔ (گھونسلا / گھر)

3. نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ کر کے لکھیے:

1. بہن
2. بطخ

© NCERT not to be republished

3. بکرا

4. نکیلے

5. نکلنا

4. حروف کو ملا کر لفظ بنائیے:

ج + گ + ہ = ...

پ + ہ + ا + ڑ = ...

س + ی + ن + گ = ...

ا + ک + ے + ل + ے = ...

خ + ر + گ + و + ش = ...

5. حصۂ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے:

الف	ب
ہرن	لکڑی لانا
خرگوش	گھاس چن کر لانا
بکرا	زمین کھودنا
بطخ	چوکی داری کرنا
مرغ	لکڑی کاٹنا

© NCERT not to be republished

.6 پڑھیے، سمجھیے اور لکھیے :

.1 ''بہت اچھّا، میں تیار ہوں''

.2 ''میں زمین کھودوں گا اور تم لکڑیاں لاؤ''

.3 ''مجھے اپنا ساتھی بنا لو''

.4 ''تمھارا چوکی دار بنوں گا''

پہلے جملے میں لفظ 'میں' بکرے کے لیے، دوسرے جملے میں 'میں' ہرن کے لیے اور 'تم' بکرے کے لیے استعمال ہوا ہے۔ تیسرے جملے میں لفظ ''مجھے'' بطخ نے اپنے لیے اور چوتھے جملے میں لفظ ''تمھارا'' مرغ نے اپنے ساتھیوں کے لیے استعمال کیا ہے۔ یعنی یہ سبھی الفاظ نام کی جگہ استعمال ہوئے ہیں۔ ایسے الفاظ کو ضمیر کہتے ہیں۔ اس سبق میں اور ضمیر استعمال ہوئی ہے تلاش کر کے لکھیے۔

.7 خوش خط لکھیے :

خوب صورت	....	....	....	....	....
بطخ	....	....	....	....	....
صبح	....	....	....	....	....
خرگوش	....	....	....	....	....
مرغ	....	....	....	....	....

تدریسی اشارے:

☜ اساتذہ سے گزارش ہے کہ طالب علموں کو 'ضمیر' کی قسمیں بتائیں۔

© NCERT not to be republished